# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 24 June 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۴/جون ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **18/ویں لوک سبھا کا اجلاس آج سے ' اسپیکر کے لیے پرسوں انتخاب**
- ☆ **NEET معاملہ میں CBI کی جانب سے FIR درج ' لاتور سے 2/افراد تفتیش کے بعد گرفتار**
- ☆ **مراٹھا سماج کے مطالبات کے لیے جالنہ میں 12/جولائی کو مہا یلغار امن ریلی**

**اور**

- ☆ **T-20/عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آسٹریلیاء کو افغانستان سے شکست ' آج بھارت سے مقابلہ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

18/ویں لوک سبھا کا پہلا لا اجلاس آج سے شروع ہورہا ہے۔ اِس اجلاجس میں نئے منتخب شدہ اراکین کو پروٹیم اسپیکر و بی جے پی کے سینئر رکن پارلیمنٹ بھرتر ہری مہتاب حلف دلائیں گے۔ 3/جولائی تک چلنے والے اِس اجلاس میں لوک سبھا اسپیکر کے لیے پرسو 26/جون کو انتخاب ہوں گے جبکہ 27/تاریخ سے راجیہ سبھا کا اجلاس شروع ہوگا۔

***** ***** *****

طِبّی ڈگری نصاب کے لیے داخلہ امتحان نیٹ یو جی پرچہ افشا معاملہ میں مرکزی جانچ ایجنسی سی بی آئی نے ایف آئی آر درج کی ہے۔ مرکزی تعلیمی محکمہ کی شکایت پر کارروائی کیے جانے کی اطلاع ہے۔

دریں اثناء اِس معاملہ میں انسدادِ دہشت دگردی دستہ اے ٹی ایس کی ناندیڑ شاخ نے کل لاتور سے 2/اساتذہ کو تفتیش کے بعد حراست میں لیا ہے۔اُن کے اِس پرچہ افشا کرنے میں کردار کی جانچ کیے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔ اِن دونوں کے نام سنجئے جادھو اور جلیل پٹھان ہے یہ دونوں ضلع پریشد کے اساتذہ ہیں نیٹ اور جے ای ای کی تیاری کے لیے لاتور میں کثیر تعداد میں طلباء پرائیوٹ ٹیوشن کے لیے آتے ہیں اور یہ دونوں اساتذہ پرائیویٹ ٹیوشن کلاس چلانے کی اطلاع ملی ہے۔ اے ٹی ایس نے سنیچر کو بھی اِن دونوں کو تفتیش کے لیے حراست میں لیا تھا اور کل صبح چھوڑ دیا تھا۔

دریں اثناء کل نیٹ یو جی امتحان میں اضافی نمبر حاصل کرنے والے تمام ایک ہزار 563/طلباء کا دوبارہ امتحان لیا گیا۔ سپریم کورٹ کی جانب سے قومی امتحان ادارے کو اعلیٰ سطحی کمیٹی کی رپورٹ پر دیے گئے مشاہدات کی بنیاد پر ان طلباء کو دیئے گئے اضافی نمبروں کو منسوخ کر کے دوبارہ امتحان لینے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔جن طلباء نے دوبارہ امتحان نہیں دیا اُن کے اضافی نمبروں کے علاوہ حاصل کردہ نمبر شمار کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امِت شاہ نے کہا ہے کہ ملک بھر میں سیلاب کا دھوکہ کم کرنے کے لیے ایک وسیع پالیسی کی ضرورت ہے وہ کل دِلّی میں اِس سے متعلق منعقدہ جائزاتی میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔انھوں سیلاب اور پانی کے انتظام کے لیے سیٹیلائٹ کے ذریعہ حاصل کردہ تصاویر کے استعمال پر زور دیا۔انھوں نے کہا کہ سیلاب کے انتظام کے لیے استعمال کیے جانے والی تمام چیزیں پہلے سے مقرر کریں۔تمام آبی پشتوں کے دروازے بہتر حالات میں ہوں اِس کی خبر رکھیں بجلی گرنے سے متعلق تمام چیزیں ' میڈیا کے ذریعے عوام تک پہچائیں۔

***** ***** *****

سروگیسی کے ذریعے بچے کو پیدا کرنے والے مرکزی ملازمین کو زچگی اور پیٹرنیٹی کی چھٹی لاگو کردی گئی ہے۔اِس ضمن میں کل نوٹِفکیشن جاری کیا گیا۔اِس فیصلہ سے متعلق خواتین کو 180/دنوں کی جبکہ صرف ایک بچے والے مرکزی ملازمین والد کو بچے کی پیدائش کے بعد 6/مہینوں کے دوران 15/دنوں کی پیٹرنیٹی چھٹی ملنے کا راستہ صاف ہوگیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھاریزرویشن کے لیے احتجاج کرنے والے منوج جرانگے پاٹل نے منڈل آیوگ کے خلاف احتجاج کرنے کا اشارہ دیا ہے۔ وہ کل چھترپتی سنبھا جی نگر میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔ انھوں نے واضح کیا کہ اب تک دیئے گئے کنبی صداقت ناموں میں سے ایک بھی اندراج رد کیا گیا تو اگلی لڑائی منڈل آیوگ منسوخ کرنے کی ہوگی۔ اِس کے ساتھ ہی اگر مسلمانوں کو بھی کُنبی کے سرکاری اندراجات پائے جاتے ہیں تو ریاست کے تمام مسلمانوں کو کنبی او بی سی سے ریزرویشن دیا جانا چاہیے۔

دریں اثناء مراٹھا سماج کو او بی سی ریزرویشن اور قریبی رشتہ دار سمیت مختلف مطالبات کے لیے جرانگے پاٹل کی سرپرستی میں جالنہ میں 12 / جولائی کو خاموش عظیم یلغار ریلی منعقد کیے جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

دریں اثناء او بی سی کے لیے ریزرویشن کے لیے احتجاج کرنے والے لکشمن ہاکے نے کہا ہے کہ آئینی حقوق والے منڈل آیوگ پر بات کرنے سے پہلے آیوگ کا مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ وہ کل جالنہ میں صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ کنبی اور مراٹھا یہ دونوں الگ الگ ہیں۔ مراٹھا ریزرویشن سے متعلق منوج جرانگے کے مطالبہ کی انھوں نے مخالفت کی لکشمن ہاکے نے الزام عائد کیا کہ حکومت نے او بی سی طلباء کو مہا جیوتی اسکالرشپ کی مدد نہیں دی۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کے لیڈر رکن پارلیمان سنجئے راؤت نے الزام عائد کیا ہے کہ مرکزی انتخابی کمیشن کی مداخلت کی وجہ سے انتخابات میں اپوزیشن کو کم از کم 100 / جگہوں پر شکست ہوئی ہے۔ وہ کل ناسک میں صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ مرکز میں تختہ پلٹ ہونے پر کمیشن کے 3 / افسروں پر کارروائی ہوگی۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں کل بی جے پی کی غور وفکر میٹنگ منعقدہ ہوئی۔ سابق مرکزی وزیر راؤ صاحب دانوے نے اِس موقعے پر حاضرین سے خطاب کیا۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ لوک سبھا انتخابات میں پوزیشن نے '' بی جے پی آئین بدلے گی '' اِس طرح تشہیر کی۔ انھوں نے عزم ظاہر کیا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں عوام اپوزیشن کے جھوٹے پروپیگنڈہ کا شکار نہیں ہوگی۔

***** ***** *****

T-20 / عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سوپر ایٹ کے گروپ اے میں پہلے نمبر پر قائم بھارت کا آج آسٹریلیاء سے مقابلہ ہوگا۔ سینٹ لوسیا میں یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق رات 8 / بجے شروع ہوگا۔

دریں اثناء کل افغانستان نے آسٹریلیا کو 21 / رنوں سے شکست دے دی۔ افغانستان نے مقررہ اوورس میں 6 / وکٹ پر 148 / رن بنائے جبکہ آسٹریلیا کی ٹیم 127 / رن پر آل آؤٹ ہوگئی۔ کل ہوئے دیگر مقابلہ میں انگلینڈ نے امریکہ کو 10 / وکٹ سے شکست دی۔ اِس ٹورنامنٹ میں آج جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کا مقابلہ کھیلا جارہا تھا جو فی الحال بارش کی وجہ سے روک دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں بھارتی ٹیم نے جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے اور آخری ایک روزہ مقابلہ میں 6 / وکٹ سے جیت درج کی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے 3 / مقابلوں کی سیریز میں تین صفر سے جیت لی۔ کل ہوئے مقابلہ میں جنوبی افریقہ کی ٹیم کے دیے گئے 216 / رنوں کے ہدف کو بھارتی ٹیم نے 41 / ویں اوور میں مکمل کرلیا۔ اسمرتی مندھانا نے سب سے زیادہ 90 / رن بنائے جبکہ ہرمن پریت کور نے 42 / رن بنائے۔

***** ***** *****

ریاست کے وزیر کھیل سنجئے بنسوڑے نے تعلقہ کھیل کمپلیکس کو 5 / کروڑ جبکہ ضلع کھیل کمپلیکس کو 10 / کروڑ روپے کی امداد ظاہر کی ہے۔ مہاراشٹر اولمپک تنظیم کی جانب سے اور مہاراشٹر کھیل ڈائریکٹوریٹ کی مدد سے کل اولمپک دن کے موقعے پر پونہ میں منعقدہ پروگرام سے وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ کھیل میں لڑکے اور لڑکی کو برابر موقعے فراہم کرنے کے لیے ریاستی حکومت کوشش کررہی ہے۔ کھیلوں انڈیا اور قومی مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کرنے والے کھلاڑیوں کے انعامات کی رقم میں اضافہ کیا گیا ہے۔ کھلاڑیوں کی کارکردی مسلسل بڑھتی رہی تو یہ رقم تین گنا کیے جانے کی اطلاع انھوں نے دی۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں پولس سپاہی بھرتی کل ہوئی بارش کے باعث منسوخ کردی گئی۔ ان امیدواروں کی جانچ کل 25 / جون کو کی جائے گی۔ لہٰذا اہل امیدواروں سے علی الصبح چار بجے حاضر رہنے کی اپیل کی گئی ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میں بھی پولس ملازمین عہدوں کی بھرتی کے لیے میدانی جانچ کل بارش کے باعث منسوخ کردی گئی اور یہ جانچ آج کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

یوواساہتیہ اکادمی ایوارڈ یافتہ مصنف دیوی داس سوداگر کل دھاراشیو میں ضلع صحافی تنظیم اور مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے استقبال کیا گیا۔ اِس موقعے پر دیوی داس سوداگر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ '' اُسَوَن '' ناول کے ذریعے انھوں نے عام لوگوں کی مشکلات کو پیش کرنے کی کوشش کی۔ جسے نئے قارئین کو اپنے پن کا احساس دلایا۔ سوداگر نے مستقبل میں اپنے قلم کے ذریعے مزید اب کی خدمت کا عزم ظاہر کیا۔ یوواساہتیہ اکادمی کے دیگر ایوارڈ یافتگان کیتن پوری اور پوجا بھڑنگے جیسے نوجوان قلمکاروں کا بھی اِس تقریب میں اعزاز کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ستارا علاقے کے ساکنان نے کل گنٹھے واری کی مخالفت میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مکانات کو گنٹھے واری سے باہر کرنے کا مطالبہ مظاہرین نے کیا۔ اِس موقعے پر قانون ساز کونسل کے قائد حزب اختلاف امبا داس دانوے اور سابق رکن پارلیمان چندرکانت کھیرے نے ساکنان کے مطالبات کی سماعت کرکے انھیں حل کرنے کا تیقن دیا۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے میں آبی جراثم سے پھیلنے والے وبائی امراض کی روک تھام کے لیے '' مِشن آبی ذخائر کی صفائی '' مہم چلائی جائے گی۔ ضلع پریشد کے محکمہ صحت اور پنچایت محکمہ کے اشتراک سے 24/جون تا 8/جولائی کے دوران چلائی جانے والی اِس 15/روزہ مہم میں دیہی علاقوں کے تقریباً 4/ہزار 917/آبی ذخائر کی صفائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے پورنا میں درجۂ سوم اور چہارم کے ملازمین کے لیے مجوزہ رہائشی کوارٹرس کے کاموں کا سنگ بنیاد کل رکن اسمبلی رتنا کر گٹے اور سب ڈویژنل افسر جیوراج ڈاپکر کے ہاتھوں رکھا گیا۔ اِس پروجیکٹ پر 14/کروڑ روپئے خرچ کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر شہر کو پانی فراہم کرنے کے لیے مجوزہ متوازی پائپ لائن منصوبے کے کاموں کا کل ہاؤزنگ اور بہبودی پسماندہ طبقات محکمہ کے ریاستی وزیر اتل ساوے نے براہ راست متعلقہ مقامات پر پہنچ کر معائنہ کیا۔آبرسانی منصوبے کے جاری کاموں کو جلد سے جلد مکمل کرنے کی ہدایت انھوں نے متعلقہ محکمہ جات کے افسران کو دی۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

**☆ 18 ؍ویں لوک سبھا کا اجلاس آج سے ‘ اسپیکر کے لیے پرسوں انتخاب**

**☆ NEET معاملہ میں CBI کی جانب سے FIR درج ‘ لاتور سے 2 ؍افراد تفتیش کے بعد گرفتار**

**☆ مراٹھا سماج کے مطالبات کے لیے جالنہ میں 12 ؍جولائی کو مہا یلغار امن ریلی**

**اور**

**☆ T-20 ؍عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آسٹریلیاء کو افغانستان سے شکست ‘ آج بھارت سے مقابلہ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆